© rasailojaraid.com



حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاھد الحسینی مدظلہ
دار لارشاد ۔ اٹک

# میری علمی اور مطالعاتی زندگی

آج سے کوئی اٹھارہ سال قبل جناب مدیر الحق مولانا سمیع الحق مد ظلہ نے مشاہیر اور اکابر علماء کرام کے نام "میری علمی اور مطالعاتی زندگی" کے عنوان پر تاثرات قلم بند کرنے کے سلسلہ میں ایک سوالنامہ مرتب کرکے بھیجا تھا جس کے جواب میں ملک اور بیرون ملک سے ممتاز جید علماء کرام نے اپنے بلند پایہ تاثرات اور گراں مایہ خیالات پر مبنی مفصل اور بعض نے مختصر مگر جامع مضامین ارسال فرمائے تھے۔ جو ماھنامہ الحق میں شائع ہوتے رہے۔ ان اکابر میں مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔ مولانا مفتی محمد شفیع۔ مولانا شمس الحق افغانی۔ حضرت ضیاء المشائخ مجددی مولانا محمد یوسف بنوری۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ۔ جناب ڈاکٹر حمید اللہ پیرس۔ جناب ڈاکٹر سید عبداللہ مولانا ظفر احمد عثمانی اور مولانا پروفیسر محمد اشرف جیسے بزرگوں کے نام سرِ فہرست ہیں۔ اس سلسلہ مضامین کو قارئین نے بے حد پسند فرمایا تھا۔ اب ادارہ ان گرانقدر مضامین کو ایک مستقل کتابی صورت میں شائع کرنے کا اھتمام کر رھا ہے اس موقع پر بعض اکابر کی خدمت میں دوبارہ یاد دھانی کے طور پر بھیجا گیا ہے۔ اور بعض نئے حضرات کی خدمت میں بھی بھیجا گیا ہے۔ مخدوم محترم حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاھد الحسینی دامت برکاتہم جو حضرت لاھوریؒ کے ارشد مسترشدین اور اجل خلفاء میں سے ہیں کی وقیع اور گراں قدر جوابی تحریر موصول ہوئی کتابت کرا کے نذرِ قارئین ہے اور انشاء اللہ کچھ عرصہ یہ سلسلہ پھر سے الحق میں چلتا رہے گا۔ ذیل میں حضرت قاضی صاحب موصوف کی گراں قدر تحریر کے ساتھ سوالنامہ بھی درج کیا جا رہا ہے تاکہ استفادہ میں آسانی رہے بعد میں اسے کتاب میں شریک کر دیا جائے گا۔ (ع ق ح)



© rasailojaraid.com

